پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون 91 22 2266 0502 فیکس 91 22 22660358

27 مارچ 2019

ریزرو بینک آف انڈیا نے پنجاب نیشنل بینک پر مالیاتی جرمانہ عائد کیا

آپ کا دھیان 8 مارچ 2019 کی پریس ریلیز نمبر 2144/2018-2019 کی طرف دلایا جاتا ہے جس میں 36 بینکوں پر آر بی آئی کے ذریعہ سوفٹ کو مضبوط کرنا مقررہ مدت میں عمل پیرا ہونے سے متعلق آپریشنل کنٹرول کے لئے جاری ہدایات پر عدم تعمیل کی وجہ سے مالیاتی جرمانہ عائد کیا گیا تھا۔ اسی سلسلہ میں آر بی آئی نے اپنے 25 فروری 2019 کے آرڈر کے ذریعہ پنجاب نیشنل بینک پر آر بی آئی کے ذریعہ جاری ہدایات پر تعمیل نہ کرنے کی وجہ سے 2 کروڑ روپیہ (20 ملین روپیہ) کا مالیاتی جرمانہ عائد کیا ہے۔ ریزرو بینک نے یہ جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن (C)(I)47A جس کو سیکشن (I)(4)46 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس بینک کے ذریعہ آر بی آئی کی ہدایات کی خلاف ورزی کرنے اور ہدایات پر عمل پیرا نہ ہونے کی بنیاد پر عائد کیا ہے۔

یہ کارروائی ریگولیٹری تعمیلات میں کمیوں کی بنیاد پر کی گئی ہے لیکن اس کا مقصد بینک اور کسٹمرس کے مابین ٹرانزیکشن سے متعلق یا کسی سمجھوتہ کی ویلیڈیٹی کو منع کرنا نہیں ہے۔

اجیت پرساد

اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز: 2300/2018-2019